# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی و علومِ اسلامیہ

## (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

**کورس کا نام: اختلاف کے آداب اور بین المسالک ہم آہنگی (4962)** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ** — **کریڈٹ: 3**

## ہدایات برائے طلبہ

**عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔

9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف(PDF)فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بر وقت ارسال کیجیے۔(امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆ کسی معاملے میں کوئی مشکل در پیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار

عثمان علی شیخ

لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

**1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔**

**2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

**کورس: اختلاف کے آداب اور بین المسالک ہم آہنگی (4962)** — **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** — **کریڈٹ: 3**

## امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1–4)

کل نمبر: 100 — کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ فقہی اختلافات کے کئی اسباب ہیں۔ ان میں سے قراءتوں کے اختلاف پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ نص کے فہم اور اس کی تشریح وتوضیح میں اختلاف کیسے فقہی اختلافات کا سبب بنتا ہے؟ واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ فقہاء کے ادب اختلاف کے چند نقوش پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ فقہی مسائل میں اختلاف کے بہت سے آداب ہیں۔ ان میں سے متفقہ مسائل پر زیادہ توجہ اور فقہی مسائل کے تعین پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ دیوبند مکتب فکر کے بنیادی عقائد بیان کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

کل نمبر:100 | **(یونٹ نمبر5-9)** | کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ شعائر کا مفہوم کیا ہے؟ نیز شعائر اللہ سے متعلق قرآنی تعلیمات کیا ہیں؟ (20)

سوال نمبر2۔ شعائر کی تعداد کے بارے میں علمائے کرام کی آراء بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بین المسالک ہم آہنگی کے حوالے بہت سے اصول بیان کیے گئے ہیں۔ ان میں سے متعلقات، عبادات اور دوسروں کے ساتھ معاملات میں اعتدال پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بین المسالک ہم آہنگی کے قیام سے متعلق عملی تجاویز وسفارشات پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ مختلف مکاتب فکر کے علماء کی ملک میں آئین اور قانون سازی کے لیے متفقہ کاوشوں پر نوٹ لکھیں۔ (20)